نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729 E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کے لئے دھان کے مڈھوں کو آگ نہ لگانے سے متعلق آگاہی مہم پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا

لاہور 6 ستمبر 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کے مڈھوں کو آگ نہ لگانے سے متعلق آگاہی مہم کا آغاز کر دیا ہے اور دھان کی کاشت کے ایسے علاقہ جات جہاں دھان کی موٹی اقسام کی کٹائی کا عمل جاری ہے وہاں محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں مانیٹرنگ کر رہی ہیں۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت کی جانب سے کاشتکاروں کو پرنٹ والیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے ہونے والے نقصانات کے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے فضائی آلودگی (سموگ) پیدا ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے انسانی زندگی،فصلات،باغات اور سبزیوں پر منفی اثرات مرتب ہونے کا اندیشہ موجود ہوتا ہے اس لئے دھان کے کاشتکار کٹائی کے بعد مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں۔دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے نہ صرف زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے اور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے بلکہ اس سے اٹھنے والا دھواں ٹریفک حادثات اور انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بھی بنتا ہے۔دھان کے کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے کی بجائے زمین میں ملا کر زرخیزی میں اضافہ کریں۔دھان کے مڈھوں کو تلف کرنے کیلئے کاشتکار روٹاویٹر اور مشین سے کٹائی کی صورت میں ڈسک ہیرو کی مدد سے فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں یا گہرا ہل چلا کر آدھی بوری یوریا فی ایکڑ چھٹہ کر کے پانی لگا دیں۔اس سے زمین کی زرخیزی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ترجمان نے دھان کے کاشتکاروں سے اپیل کی ہے کہ دھان کے مڈھوں کی تلفی کے سلسلے میں محکمہ سے مکمل تعاون کریں اور محکمانہ ہدایات پر عمل کریں کیونکہ سموگ کی وجہ سے انسانی زندگیوں پر براہ راست منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں لہذٰا مفاد عامہ کے پیش نظر کاشتکار دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں۔

☆☆☆☆